www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

احسان دانش

آہستہ سانس لے کہ خلافِ ادب نہ ہو

افضل ہے مُرسلوں میں رسالت حضوُرؐ کی
اکمل ہے انبیاء میں نبوت حضوُرؐ کی

ہے ذرّہ ذرّہ ان کی تجلّی کا اک سراغ
آتی ہے پھول پھول سے نکہت حضوُرؐ کی

پہچان لیں گے آپؐ وہ اپنوں کو حشر میں
غافل نہیں ہے چشمِ عنایت حضوُرؐ کی

آتے رہے تھے راہ نمائی کو انبیا
جاری رہے گی رشد و ہدایت حضوُرؐ کی

آنکھیں نہ ہوں تو خاک نظر آئے آفتاب
صدّیق جانتے ہیں صداقت حضوُرؐ کی

گھیرے ہیں مشکلاتِ جہاں نے کئی محاذ
کام آئی ہر قدم پہ حمایت حضوُرؐ کی

میری نظر میں مرشدِ کامل ہے وہ بشر
تفویض کر سکے جو محبّت حضوُرؐ کی

جو ہو گئے ہیں آپؐ کے آپؐ ان کے ہو گئے
عادت نہیں ہے ترکِ مروّت حضوُرؐ کی

انجم مثالِ نقشِ قدم جابجا ملے
لے کر کہاں چلی ہے محبّت حضوُرؐ کی

میں ہوں زبانِ ماہ و ثریا سے آشنا
ہے کائناتِ دہر حکایت حضوُرؐ کی

آہستہ سانس لے کہ خلافِ ادب نہ ہو
ہے آئنہ کی طرح طبیعت حضوُرؐ کی

آنکھوں کو اپنی پیہم تیار رکھ رکھ کے آئینہ
ہوتی اگر نصیب زیارت حضوُرؐ کی

چشمِ طلب میں کس کا اجالا؟ حضوُرؐ کا
دنیائے دل میں کس کی حکومت؟ حضوُرؐ کی

انسانیت کو ماننے والوں کے واسطے
آئین دے گئی ہے فراست حضوُرؐ کی

گزری ہے مفلسی میں بڑی آبرو کے ساتھ
اللہ کا کرم ہے عنایت حضوُرؐ کی

منزل کی جستجو ہے تو ان کی طرف چلو
جن کو ہوئی نصیب اطاعت حضوُرؐ کی

دانش میں خوفِ مرگ سے مطلق ہوں بے نیاز
میں جانتا ہوں موت ہے سنت حضوُرؐ کی

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ